سونے کی چین میں لگے موتیوں اور نگ کی زکوٰۃ کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)
Darul Ifta AhleSunnat

ریفرنس نمبر: Nor.14031 تاریخ: 30-12-2025

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ گھر میں سونے کی استعمالی چین میں سونے کے علاوہ چند نگ اور موتی بھی لگے ہوئے ہیں، تو کیا اُس چین کی زکوۃ میں اُن موتیوں اور نگ کو بھی شمار کیا جائے گا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جی نہیں! پوچھی گئی صورت میں اُس چین کی زکوۃ میں وہ نگ اور موتی شامل نہیں ہوں گے۔

مسئلے کی تفصیل یہ ہے کہ فقہائے کرام کی تصریحات کے مطابق موتی اور جواہر کتنے ہی قیمتی ہوں اگر تجارت کے لیے نہیں ہیں تو اُن پر زکوٰۃ فرض نہیں۔ سونے کے زیوارات میں خوبصورتی کے لیے جو نگ اور موتی لگائے جاتے ہیں، یہ نگ اور موتی سونے سے جدا ایک الگ حیثیت رکھتے ہیں اور اُس زیور کو استعمال کرنے والے کی طرف سے ان میں نیت تجارت بھی نہیں ہوتی، لہٰذا ان پر زکوٰۃ فرض نہیں ہو گی۔

چنانچہ فتاوٰی عالمگیری میں ہے: ”وأما اليواقيت واللآلئ والجواهر فلا زكاة فيها، وإن كانت حليا إلا أن تكون للتجارة“ یعنی یاقوت، ہیرے اور جواہرات میں زکوٰۃ

لازم نہیں، اگرچہ ان کے زیورات ہوں، ہاں اگر یہ چیزیں تجارت کے لیے ہوں تو پھر زکوٰۃ لازم ہوگی۔ **(فتاوی عالمگیری، کتاب الزکاۃ، ج01، ص180، دارالفکر، بیروت)**

تنویر الابصار مع الدر المختار میں ہے: ”(لازکاۃ فی اللآلی والجواھر) وان ساوت الفا اتفاقاً (الا ان تکون للتجارۃ)“ یعنی موتی اور جواہرات اگرچہ ہزار درہم کے برابر ہوں، بالاتفاق اُن پر زکوٰۃ لازم نہیں، مگر یہ کہ یہ تجارت کے لیے ہوں۔

(تنویر الابصار مع الدرالمختار، کتاب الزکاۃ، ج03، ص230، پشاور)

بہارِ شریعت میں ہے: ” موتی اور جواہر پر زکاۃ واجب نہیں، اگرچہ ہزاروں کے ہوں۔ ہاں اگر تجارت کی نیّت سے لیے تو واجب ہوگئی۔“

(بہارِ شریعت، ج01، حصہ 05، ص883، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ **تعالیٰ** علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

09 رجب المرجب 1447ھ/30 دسمبر 2025ء

اَلْمُفْتِی دارالافتاء اہلسنت darulifta@dawateislami.net

نوٹ: دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج /daruliftaahlesunnat اور ویب سائٹ www.fatwaqa.com کے ذریعے کی جاسکتی ہے